DITTO WS

Reg. No. ....

Name : ....

SY-521

SECOND YEAR HIGHER SECONDARY EXAMINATION, MARCH 2023

Part–III

URDU (Optional)

Maximum : 80 Scores

Time : 2 ½ Hours

Cool-off time : 15 Minutes

General Instructions to Candidates :

- There is a 'Cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool-off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.

1 سے 8 تک کے سوالوں میں سے کسی 7 کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے : (7 × 1 = 7)

1. غزل کے کونسے شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے ؟

2. انشائیہ 'مچھر' کس نے لکھا ہے ؟

3. حکایت 'عجمی غلام' سعدی شیرازی کی کونسی کتاب سے لی گئی ہے ؟

4. رباعی کا دوسرا نام کیا ہے ؟

5. 'یادگارِ غالبؔ' کا مصنف کون ہے ؟

6. پسندیدہ کسی ایک اردو ناول نگار کا نام لکھیے ۔

DITTO WS

7. ابن بطوطہ نے اپنے سفرنامہ میں ملبار کے کئی شہروں کے بارے میں اشارہ کیا ہے۔ کسی ایک شہر کا نام لکھیے۔

8. پسندیدہ کسی ایک اردو نعتیہ شاعر کا نام لکھیے۔

9 سے 13 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم سے کم دو جملوں میں لکھیے : (4 × 2 = 8)

9. مولانا الطاف حسین حالؔی کی لکھی ہوئی کسی دو سوانح عمریوں کے نام لکھیے۔

10. اصنافِ شاعری میں رباعی ایک اہم صنف ہے۔ رباعی کی کوئی دو خصوصیات لکھیے۔

11. شہر کی صفائی قائم رکھنے کے لیے ایک جلوس نکلنے والا ہے۔ اس کے لیے چند پلے کارڈز تیار کیجیے۔

12. نیچے دیے گئے مصرعوں سے تلمیح چن کر لکھیے :

ابن مریم ہوا کرے کوئی

خِضر کا کام کروں راہ نما بن جاؤں

13. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں کہی جانے والی نظم کو نعت کہا جاتا ہے۔ آپ کا پسندیدہ کوئی ایک نعتیہ شعر لکھیے۔

14 سے 19 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم سے کم چار جملوں میں لکھیے : (5 × 4 = 20)

14. آپ شہری زندگی پسند کرتے ہیں یا دیہاتی زندگی ؟ کیوں ؟ بیان کیجیے۔

15. ”میں چاہتی ہوں میری اپنی بھی کوئی آمدنی ہو“۔ تاجی کے اس قول پر آپ کی رائے واضح کیجیے۔

16. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

ہر وقت زمانے کا ستم سہتے ہیں
حاسد جو برا کہے تو چپ رہتے ہیں
اچھے تو بروں کو بھی کہتے ہیں نیک
جو بد ہیں وہ اچھوں کو برا کہتے ہیں

17. انشائیہ ''مچھر'' کے ذریعہ انسان کو کیا کیا نصیحتیں دی گئی ہیں ؟

18. حکایت ''عجمی غلام'' کی کہانی اپنے الفاظ میں لکھیے۔

19. ۵؍جون ماحولیات کا بین الاقوامی دن ہے۔ اس موقع پر آپ کے اسکول میں ایک جلوس ہونے والا ہے۔ اس جلوم کے لیے چند نعرے تیار کیجیے۔

20 سے 24 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم سے کم چھ جملوں میں لکھیے : (4 × 6 = 24)

20. ذیل کے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں بیان کیجیے :

یہ دیس کہ ہندو اور مسلم تہذیبوں کا شیرازہ ہے
صدیوں پرانی بات ہے یہ، پر آج بھی کتنی تازہ ہے

یا

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

21. پسندیدہ کسی ایک غزل گو شاعر کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

DITTO WS

22. آپ کے اسکول میں ۱۴ نومبر کو پنڈت جواہرلال نہرو کے یومِ پیدائش، یومِ اطفال (Children's day) کے طور پر منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر ایک تقریر کرنے کے لیے چند نکات تیار کیجیے۔

23. پسندیدہ کسی ایک رباعی گو شاعر کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے۔

24. غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ غزل کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ مختصر سے لکھیے۔

25 سے 28 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم سے کم سات جملوں میں لکھیے : (3 × 7 = 21)

25. ناول ''نصیب نصیب کی بات'' کے کسی ایک کردار پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(تاجی، عالیہ بانو، راجا)

26. ابن بطوطہ نے اپنے سفرنامہ میں کئی تجربات بیان کیے ہیں۔ آپ نے بھی کئی سفر کیے ہوں گے۔ کسی ایک سفر کا تجربہ بیان کیجیے۔

27. آپ نے مرزا غالبؔ کے کئی لطیفے پڑھے ہوں گے۔ غالبؔ کے چند لطیفے لکھیے جو آپ کو زیادہ پسند ہو۔

28. 'ماحولیات کا تحفظ' اس موضوع پر ایک سمینار منعقد ہو رہا ہے۔ اس سمینار میں پیش کرنے کے لیے چند نکات تیار کیجیے۔